© rasailojaraid.com

# قارئین کے خطوط

## (اقتباسات)

جناب بلال حسین نوشاھی صاحب انچارج مسعود جھنڈیر لائبریری ضلع وہاڑی سے تحریر فرماتے ہیں :

المیزان کا شمارہ نمبر ۱۰، ۱۱ باصرہ نواز ہوا۔ صوری، علمی، تحقیقی، فکری اور معنوی حسن کا احاطہ صرف نگاہ اور مطالعہ ہی کر سکتا ہے۔ اسلام اور تعلیمات اسلامیہ سے متعلق فی زمانہ قرآنیات پر "المیزان" سے بڑھ کر وقیع اور مؤثر جریدہ یا رسالہ راقم کی نگاہ سے نہیں گزرا۔ قرآنی محققین کا المیزان سے استفادہ ناگزیز ہے، جبکہ اسلامی مدارس، کالجز اور یونیورسٹیوں میں اسلامیات کے طلبہ اور محققین کے لئے "المیزان" کا ھونا ازحد ضروری اور اہم ہے۔

اسلام کے نام پر مسلمان جس بے رحمی سے مسلمانوں ہی کی گردن مار رہے ہیں اور باھم دست و گریبان ہیں یہ ملکی بقاوامن کے لئے زہر قاتل ہے، ایسے میں آپ نے تمام مکاتب فکر کے مفکرین اور جید علماء کرام کے لئے فکری پلیٹ فارم مہیا کیا ہے۔ امید ہے کہ یہ مستحسن عمل مذھب کے نام پر قتل و غارت کا بازار گرم کرنیوالے ناسوروں کے بڑھتے قدوم کے لئے بھی آھنی دیوار ثابت ہوگا اور وطن عزیز میں امن و آشتی کے فروغ کے لئے ممدو معاون ثابت ہوگا۔

المیزان میں لکھنے والے بذات خود تحقیق کی دنیا میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ اس لئے المیزان کا معیار بہت بلند ہے۔ ہمارے پاس مخطوطات قرآن کا الگ شعبہ ہے۔ اگر آپ اس سلسلے میں مقالات شائع کرنا چاہیں تو قرآنیات پر قرآنی مخطوطات کا تعارف آپکو بھی بھیجا جاسکتا ہے۔

جناب سجاد تترالوی صاحب اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اسلامی افکار و تمدن،

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد سے رقمطراز ہیں:



© rasailojaraid.com